# پراسپکٹس مع رجسٹریشن فارم

# Prospectus cum Registration Form

## تعلیمی سال 2019-20

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی    मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(A Central University established by an Act of Parliament in 1998)

(Accredited with 'A' Grade by NAAC)

# مانو ماڈل اسکول

# MANUU Model School

سی۔بی۔ایس۔ای سے ملحقہ (اردو میڈیم)

وزیٹر : عزت مآب رام ناتھ کووند، صدر جمہوریہ ہند

چانسلر : جناب فیروز بخت احمد

وائس چانسلر : ڈاکٹر محمد اسلم پرویز

رجسٹرار : ڈاکٹر ایم۔اے۔سکندر

صدر دفتر : مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باؤلی، حیدرآباد۔500032

ویب سائٹ : www.manuu.ac.in

# اشاریہ Index


| سلسلہ نمبر | تفصیلات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | کچھ یونیورسٹی کے بارے میں | 1 |
| 2 | مانو ماڈل اسکول (ایک تعارف) | 3 |
| 3 | مقاصد | 3 |
| 4 | ماڈل اسکول کے اہم خدوخال | 3 |
| 5 | سرپرستوں سے التماس | 4 |
| 6 | نظم وضبط | 5 |
| 7 | رجسٹریشن اور داخلہ فیس | 5 |
| 8 | ضابطہ کی خلاف ورزی کے افعال | 5 |
| 9 | حاضری | 5 |
| 10 | داخلہ کے لئے درکار اہلیت | 6 |
| 11 | داخلہ کا طریقۂ کار | 7 |
| 12 | داخلہ کے لئے جانچ | 7 |
| 13 | گیارہویں جماعت میں داخلہ | 8 |
| 14 | تحفظات | 8 |
| 15 | مخصوص رعایتیں | 9 |
| 16 | ماڈل اسکول میں داخلہ کی تاریخیں | 10 |
| 17 | خالی نشستوں کی تفصیل | 11 |
| 18 | داخلہ کے متعلق عام ہدایات | 12 |
| 19 | داخلے کی آخری تاریخ | 12 |
| 20 | مانو کے ملازمین کے بچوں کا داخلہ | 13 |
| 21 | داخلے کے لئے دستیاب جماعتیں | 13 |
| 22 | مساوی/مماثل امتحانات | 13 |
| 23 | تعلیمی سال | 13 |
| 24 | اوقات اسکول | 13 |
| 25 | تعطیلات | 14 |
| 26 | ماڈل اسکول کا پتہ اور رابطہ کی تفصیل | 15 |

# 1. کچھ یونیورسٹی کے بارے میں

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) ایک مرکزی یونیورسٹی ہے۔ یہ پارلیمنٹ کے ایک قانون کے ذریعے جنوری 1998ء میں کل ہند دائرہ کار کے ساتھ قائم کی گئی۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا صدر دفتر اور مرکزی کیمپس گچی باولی حیدرآباد میں واقع ہے۔ یہ کیمپس 200 ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کے دوردراز علاقوں میں بسنے والے تعلیم سے محروم اور اردو ذریعہ تعلیم کی پہلی نسل کے طالب علموں کے لیے روایتی و فاصلاتی طرز کے پروگراموں کے ذریعے اعلیٰ تعلیم کی خدمات فراہم کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ہے۔ 1998ء میں یونیورسٹی نے فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں سے اپنے تعلیمی سفر کا آغاز کیا اور 2004ء میں اس نے اردو میڈیم کے ریگولر پروگراموں سے اپنی تعلیمی و تحقیقی بنیادوں کو مستحکم کرلیا۔

یہ جامعہ ایک بلند پایہ دانشور بہترین ادیب، ایک بے مثال مقرر، عظیم مجاہد آزادی، آزاد ہندوستان کے تعلیمی نظام کے منصوبہ ساز اور ملک میں جدید اور سائنسی تعلیمی اداروں کے بانی، مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر قائم کی گئی ہے۔

اس وقت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی موجودہ اداروں کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف اصلاحی اقدامات کے ذریعے ان افراد کو تعلیم سے بہرہ ور کرنے کی کوشش میں مصروف ہے جو اب تک اس سے محروم تھے۔ اس کے علاوہ بالعموم ملک کی نوجوان نسل اور بالخصوص اردو بولنے والے طبقے کی بڑھتی ہوئی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے۔ یونیورسٹی نے تعلیم، تحقیق، نظم ونسق کے تمام محاذوں پر متعین ویژن، مشن اور مقاصد کے ساتھ قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔

**1. ویژن**

شمولیتی پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے اردو کے ذریعے معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا۔

**2. مشن**

سماجی، معاشی، تعلیمی اور ثقافتی طور پر سماج کے پچھڑے طبقات کو بااختیار بنانا تاکہ انہیں مرکزی دھارے میں شامل کیا جاسکے اور اس طرح ملک کی سماجی ومعاشی ترقی میں اپنا حصہ ادا کرنا۔

**3. بنیادی مقاصد**

یونیورسٹی کی بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

☆ اردو زبان کا فروغ اور اس کی ترقی

☆ اردو ذریعہ تعلیم سے تکنیکی و پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت کی فراہمی

☆ روایتی تدریس اور فاصلاتی نظام تعلیم کے توسط سے اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم وتربیت حاصل کرنے کے خواہش مندوں کے لیے رسائی کے وسیع مواقع کی فراہمی

☆ تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ

### 4. دیگر مقاصد

☆ باہمی تعامل اور اختراعی تدریس واکتساب پر خصوصی توجہ کے ساتھ ساتھ سماجی رابطے کے ذریعہ طلبا کو اردو زبان میں تعلیم کا بہترین تجربہ فراہم کرانا

☆ تعلیمی وتحقیقی نتائج اور رسائی کے اقدامات میں عالمی سطح کی بہترین روایات اور معیار کی پابندی

☆ قومی وبین الاقوامی بازاروں میں اہل افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی مانگ کی تکمیل کے لیے طلبا کی استعداد میں اضافہ کرنا

☆ مسلسل تعلیم، اسپانسر کردہ تحقیق اور مشاورت کے ذریعہ داخلی آمدنی / وصولیات میں توسیع واضافہ

☆ ملکی معیشت کی ترقی میں حصہ ادا کرنے والی اہل افرادی قوت کی تیاری کے ذریعے لاکھوں غریب افراد کے معیار زندگی کو بہتر بنانا

☆ وسائل کا موثر اور بھرپور استعمال کرنا اور عمل پر مبنی متعین اقدامات کے ذریعے یونیورسٹی کو ایک اسمارٹ، ڈیجیٹل اور صاف ستھرے کیمپس میں تبدیل کرنا

ضابطہ پر مبنی مالیہ کی فراہمی کے لیے یو جی سی نے کارکردگی کے جو معیار متعین کیے ہیں یونیورسٹی ان کی تکمیل کر رہی ہے جن کا اظہار تعلیم، تحقیق اور نظم ونسق کے کاموں کے حوالے سے یونیورسٹیوں کی ہمہ جہتی ترقی اور پیش رفت کو ظاہر کرنے والے قابل پیمائش اشاریوں سے ہوتا ہے۔

### 5. تعلیمات

ریگولر طرز کے پروگرام 7 تعلیمی اسکولوں کے ذریعہ فراہم کیے جاتے ہیں:

i. السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات
ii. فنون وسماجی علوم
iii. تجارت وکاروباری انتظامیہ
iv. تعلیم وتربیت
v. صحافت وترسیل عامہ
vi. سائنسی علوم
vii. کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی

ان سات اسکولوں کے تحت 24 شعبہ جات کام کر رہے ہیں: شعبہ (i) عربی (ii) انگریزی (iii) ہندی (iv) فارسی (v) اردو (vi) مطالعات ترجمہ (vii) اسلامک اسٹڈیز (viii) معاشیات (ix) تاریخ (x) سیاسیات (xi) نظم ونسق عامہ (xii) سماجیات (xiii) سوشل ورک (xiv) تعلیم نسواں (xv) ریاضی (xvi) طبیعات (xvii) کیمیا (xviii) نباتیات (xix) حیوانیات (xx) کامرس (xxi) انتظامیہ (xxii) صحافت وترسیل عامہ (xiii) تعلیم وتربیت (xiv) کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی۔

ان شعبہ جات کے تحت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں کل 78 پروگرام اور کورسز (21 پی ایچ ڈی؛ 21 پوسٹ گریجویشن؛ 08 گریجویشن؛ 05 پی جی ڈپلوما اور 05 ڈپلوما اور 2 سرٹی فیکیٹ کورسز) فراہم ہیں۔ ان کے علاوہ پالی ٹکنک کے ذریعے (08 ڈپلوما) اور آئی ٹی آئی کے ذریعے (08 سرٹی فیکیٹ ٹریڈس) کے کورسز فراہم ہیں۔ مزید یہ کہ یونیورسٹی انتخاب پر مبنی کریڈٹ سسٹم کے ذریعے بازار کی ضرورتوں کے مطابق، لچک دار تعلیمی فریم ورک کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی اختراعی اور مناسب معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

## 2. مانو ماڈل اسکول: ایک تعارف

یونیورسٹی نے سال 2007ء سے کیندریہ ودھیالیہ کے طرز پر شہر حیدرآباد (تلنگانہ)، دربھنگہ (بہار) اور 2009ء میں میوات (ضلع نوح، ہریانہ) میں ماڈل اسکول کا قیام عمل میں لایا ہے۔ یہ اسکول CBSE سے تسلیم شدہ سرکاری زمرہ میں شامل ہیں، جن کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔ ان اسکولوں میں مختلف مضامین کی درس و تدریس کے لئے CBSE کے نصاب کے مطابق NCERT کی شائع کردہ کتب یونیورسٹی کی جانب سے طلبہ کو مفت فراہم کی جاتی ہیں۔

ماڈل اسکول دربھنگہ اور حیدرآباد میں جماعت اول سے بارہویں جماعت تک کی تعلیم کا نظم ہے۔ جب کہ میوات میں اول تا دسویں جماعت تک کی تعلیم جاری ہے۔ ان اسکولوں میں کمپیوٹر لیب، لائبریری، سائنس لیب، کھیل کود (انڈور اور آؤٹ ڈور گیم)، یوگا، میوزک، آرٹس اینڈ کرافٹس، اخلاقیات کے علاوہ ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعہ درس و تدریس کی خوشگوار فضا قائم ہے۔

## 3. مقاصد

1. طلبا کی ہمہ جہت شخصیت سازی پر خصوصی توجہ۔
2. جدید طریقہ تدریس اور ٹکنالوجی کے ذریعہ تعلیم کے اعلیٰ معیار کا حصول۔
3. طلبا کی سماجی، اخلاقی اور تہذیبی اقدار کی تربیت۔
4. طلبا کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کے لئے سازگار ماحول کی فراہمی۔
5. طلبا کو مثالی کردار کا حامل بنانے کی سعی تا کہ وہ مستقبل میں ملک اور قوم کا اثاثہ ثابت ہوں۔
6. اسکولی تعلیم میں عمدگی (Excellence) کو مساوات اور سماجی انصاف کے ساتھ یقینی بنانا۔
7. قصباتی معاشرے سے وابستہ باصلاحیت بچوں میں قومی یکجہتی کو فروغ دینا تا کہ وہ مل جل کر رہنا سیکھیں اور اپنے امکانات، اپنی قوت وصلاحیت کو بہتر طور پر فروغ دے سکیں۔
8. اردو میڈیم کے ذریعہ بچوں کو ایک عمدہ معیاری تعلیم، جو اقدار پر مبنی ثقافت، ماحولیات کے تئیں بیداری، مہماتی سرگرمیوں اور جسمانی تعلیم جیسے عناصر پر مبنی ہو، فراہم کی جائے۔
9. سہ لسانی فارمولہ (Three Language Formula) کے مطابق ماڈل اسکول کے تمام طلبہ میں تینوں زبانوں میں استعداد کو یقینی بنانا۔
10. بچوں میں تعلیم کے نصابی و ہم نصابی علاقوں (Areas) میں استعداد پیدا کرنے کی کوشش کرنا۔

## 4. ماڈل اسکول کے اہم خدوخال

1. خوشگوار تعلیمی ماحول۔
2. باصلاحیت، تجربہ کار اور تربیت یافتہ اساتذہ۔
3. بالکل مفت تعلیم۔
4. لائبریری کی سہولت۔

5. منصوبہ بند تعلیمی پروگرام۔
6. طلبہ میں اکتسابی مہارتوں کا فروغ۔
7. سائنس، ریاضی اور سماجی علوم کے تصورات پر مبنی تعلیم۔
8. طلبا کی ہمہ جہت ترقی کے لئے رہبری ورہنمائی۔
9. انٹرنیٹ سے مربوط کمپیوٹر لیبارٹری کی فراہمی۔
10. تعلیمی موضوعات پر مبنی فلموں کا نظم۔
11. طلبا کے حفظانِ صحت پر توجہ اور طبی سہولتوں کی فراہمی۔
12. مشغلوں پر مبنی طریقۂ تدریس کی سہولت۔
13. عبقری صلاحیتوں کے حامل طلبہ (Gifted Children) اور کمزور طلبا کی شناخت اور ان کے لئے خصوصی تربیت کا انتظام۔
14. اساتذہ اور اولیائے طلبہ کی انجمن کے ذریعہ طلبا کی تعلیمی حالت پر مسلسل نگرانی اور ارتقاء کی کوشش۔
15. کشادہ، روشن، ہوادار کمرۂ جماعت، سی سی ٹی وی کے ذریعہ نگرانی اور کھیل کا میدان۔

## 5. سرپرستوں سے التماس

1. اپنے بچوں کو پابندی کے ساتھ مکمل یونیفارم میں وقت پر اسکول بھیجیں یا پہنچانے کا نظم کریں۔
2. بغیر کسی خاص عذر کے بچے کو اسکول سے غیر حاضر نہ رکھیں، غیر حاضری کی صورت میں پیشگی تحریری اطلاع اسکول کو ضرور بھیجیں۔
3. اپنے بچوں کو اسکول میں درکار Stationary بروقت فراہم کریں۔
4. مختلف مواقع پر اسکول سے دی جانے والی ہدایات کو روبہ عمل لانے میں تعاون کریں۔
5. بچوں کی بتدریج تعلیمی ترقی سے واقفیت کے لئے سرپرستوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسکول کے ذمہ داران سے وقتاً فوقتاً ربط رکھیں۔
6. اپنے بچوں کی تعلیمی وحاضری رپورٹ بغور پڑھیں اور دستخط کریں۔
7. اسکول انتظامیہ کی جانب سے تبادلہ خیال کی دعوت پر مقررہ وقت پر اسکول ضرور تشریف لائیں۔
8. کسی قسم کی شکایت یا کوئی مسئلے کی صورت میں براہِ راست ذمہ دار سے ملاقات کریں اور اپنے بچوں کے سامنے اسکول یا اساتذہ پر بے جا تنقید سے گریز کریں۔
9. گھر کام، مطالعہ، کھیل کود اور گھریلو کاموں میں تعاون کے لئے بچوں کو ایک منصوبہ بنانے کی ترغیب دلائیں۔

**یاد رکھئے !!**

آپ کا گراں قدر تعاون آپ کے بچوں کے درخشاں مستقبل کا ضامن ہے۔

## 6. نظم وضبط

1. نظم وضبط سے مراد اسکول کے طلبا کے اندر شائستگی، بہتر ڈسپلن اور اچھے اخلاق واطوار کا پایا جانا ہے۔
2. مانو ماڈل اسکول میں داخلہ لینے والے طلبا کے لئے تمام احکامات وہدایات کی پابندی لازمی ہوگی۔

## 7. رجسٹریشن اور داخلہ فیس

☆ رجسٹریشن فیس 20 روپے ہے۔
☆ داخلہ فیس 100 روپے ہے۔

## 8. ضابطہ کی خلاف ورزی کے افعال

1. تدریسی اوقات کی پابندی نہ کرنا، سپرد کئے گئے کاموں میں کوتاہی، لاپرواہی اور بے توجہی برتنا۔
2. کلاس، دفتر، لائبریری، کھیل کے میدان وغیرہ میں بدنظمی پھیلانا۔
3. امتحان گاہ میں کسی بھی طرح کی ناشائستہ حرکت یا ناروا سلوک کرنا۔
4. کسی بھی طالب علم کی جانب سے مانو ماڈل اسکول کی املاک یا سامان کو نقصان پہچانا، بگاڑنا، توڑنا یا کسی دوسرے کو اس کے لئے اکسانا۔

مندرجہ بالا ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے والے طلبا درج ذیل سزاؤں کے مستحق قرار پائیں گے:

(1) جرمانہ (2) کیمپس میں داخلہ پر پابندی (3) عارضی اخراج (4) مستقل اخراج

**نوٹ:** دفاع کا مناسب موقع دیئے بغیر کسی بھی طالب علم پر مندرجہ بالا سزائیں نافذ نہیں کی جائیں گی تاہم زیر غور معاملے میں پرنسپل کو تمہیدی کاروائی کے طور پر مرتکب طالب علم کو معطل کرنے کا اختیار حاصل رہے گا۔

## 9. حاضری

1. سالانہ امتحان میں شرکت کے لئے مجموعی طور پر 75 فیصد حاضری لازمی ہے۔
2. حاضری کے سلسلے میں تمام طلبا کو ذاتی طور پر اطلاع دی جائے گی۔ اس کے علاوہ یہ ذمہ داری والدین/سرپرستوں کی ہوگی کہ وہ خود بھی متعلقہ کلاس ٹیچر سے حاضری کے متعلق معلومات حاصل کریں۔
3. بغیر اطلاع پندرہ دن تک مسلسل غیر حاضر رہنے والے طلبا کا نام اسکول سے خارج کر دیا جائے گا۔ البتہ پرنسپل کی اجازت سے دو ہفتہ

کے اندر دوبارہ داخلہ کے لئے متعینہ فیس -/25 روپئے ادا کرکے دوبارہ داخلہ کروایا جاسکتا ہے۔ مذکورہ وقفہ کے بعد داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

4. نوٹس بورڈ پر آویزاں اطلاع نامے کو ہی کافی سمجھا جائے گا۔

5. حاضری میں محض پندرہ فیصد تک ہی چھوٹ دی جاسکتی ہے۔ بیماری کی بناء پر حاضری معاف کرانے کے سلسلے میں دی گئی درخواست کے ساتھ رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹشنر کی جانب سے جاری کردہ میڈیکل سرٹیفکٹ کے علاوہ پرچہ تشخیص بھی پیش کرنا ہوگا۔

## 10. داخلہ کے لئے درکار ہدایت

1. جماعت اول میں داخلہ کے لئے بچے کی عمر 31/ مارچ 2019 تک پانچ سال مکمل ہونی لازمی ہے۔
2. مانو ماڈل اسکول میں مختلف جماعتوں میں داخلے کے لئے کم از کم اور زیادہ درکار عمر کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

| جماعت | 31/ مارچ 2019ء تک طالب علم کی عمر | |
|---|---|---|
| | کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| جماعت I | پانچ سال | سات سال |
| جماعت II | چھ سال | آٹھ سال |
| جماعت III | سات سال | نو سال |
| جماعت IV | آٹھ سال | دس سال |
| جماعت V | نو سال | گیارہ سال |
| جماعت VI | دس سال | بارہ سال |
| جماعت VII | اگیارہ سال | تیرہ سال |
| جماعت VIII | بارہ سال | چودہ سال |
| جماعت IX | تیرہ سال | پندرہ سال |

**نوٹ:** (i) اوپر بیان کی گئی تفصیلات ماڈل اسکولس میں زیر تعلیم طلبا پر نافذ نہیں ہوں گی۔

(ii) جسمانی معذورین کے لئے کم از کم درکار عمر میں مزید دو سال کی رعایت ہوگی۔ جس کا اختیار صرف پرنسپل کو حاصل ہوگا۔

(iii) ایسے طلباء جنھوں نے رواں تعلیمی سال میں دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہو ان کے لئے گیارہویں جماعت میں داخلے میں عمر کی کوئی قید نہیں ہوگی۔

(iv) دسویں اور بارہویں جماعت میں راست داخلے نہیں ہوں گے۔

## 11. داخلے کا طریقۂ کار

1. پہلی جماعت میں (قانونِ حق تعلیم RTE-2009) سیکشن XII(C) (I) کے مطابق ذیل میں درج طریقۂ کار کا نفاذ ہوگا۔ جس میں جماعت کے جملہ طلبا کی تعداد 41 ہوگی اور RTE کی دفعہ (C) (I) 12 کے مطابق SC, ST کے تحفظات کی گنجائش ہوگی تا کہ تحفظات کے دستوری منشور کو پورا کیا جا سکے۔
2. جماعت اول میں 3 نشستیں تحفظات کے موجودہ اصول کے مطابق پُر کی جائیں گی جب کہ ایک نشست جسمانی معذور کو خواہ وہ کسی زمرے سے تعلق رکھتا ہو، دی جائے گی۔
3. وہ بچے جنھوں نے داخلے کے پہلے مرحلے میں داخلہ حاصل کیا ہو وہ دوسرے مرحلے میں شامل نہیں کئے جائیں گے۔ جب کہ داخلہ حاصل کرنے میں ناکام رہنے والے طلبا اگر RTE کے دائرے میں آتے ہیں تو دوسرے مرحلے میں انھیں شامل کیا جائے گا۔
4. دوسرے مرحلے میں باقی دس نشستوں کو RTE کے مطابق پُر کیا جائے گا۔

## 12. داخلہ کے لئے جانچ

1. (a) جماعت دوم سے آٹھویں جماعت تک داخلہ کے لئے کوئی داخلہ امتحان منعقد نہیں کیا جائے گا۔ داخلہ Reservation Column میں متذکرہ زمرے کے تحت ہوگا۔

(b) اگر امیدواروں کی تعداد نشستوں کی تعداد سے زیادہ ہو تب ہر زمرے میں داخلہ بذریعہ لاٹری کیا جائے گا جس میں اکلوتی لڑکی کوٹہ (Single Girl Child Quota) شامل ہے۔

(c) جماعت نہم میں داخلہ کے لئے Admission Test کا انعقاد عمل میں لایا جائے گا اور زمرے کے حساب سے میرٹ لسٹ (Merit List) تیار کی جائے گی اور اصول وضوابط کے مطابق زمرے کو ترجیح دیتے ہوئے داخلہ دیا جائے گا۔

2. ایسے امیدوار جنھوں نے متعلقہ مضامین میں 33% نمبرات حاصل کئے ہوں، داخلے کے مستحق نہیں ہوں گے، چاہے وہ کسی بھی زمرے سے تعلق رکھتے ہوں۔
3. داخلے کے لئے سوالیہ پرچہ مندرجہ ذیل مضامین پر مشتمل ہوگا۔

(a) اردو (b) انگریزی (c) ریاضی (d) سماجی مطالعہ (e) سائنس

4. انگریزی اور اردو زبان میں طلبا کی بڑی تعداد کو دشواری کا سامنا ہونے پر داخلہ امتحان میں پانچ نمبرات کی رعایت دی جائے گی۔ اور بچے کے والدین سے تحریری طور پر ایک اقرار نامہ (Undertaking) لیا جائے گا کہ وہ بچے کی زبان میں دشواری کو جاریہ تعلیمی سال میں دور کریں گے۔
5. نویں اور گیارہویں جماعت میں داخلہ متعلقہ جماعت میں دستیاب مخلوعہ نشستوں کی بنیاد پر ہوگا۔

## 13. گیارہویں جماعت میں داخلہ

1. نئے داخلوں کے لئے اہل قرار دئے گئے امیدواروں میں پہلے مانو ماڈل اسکول کے طلبا متعلقہ Stream میں داخلے کے بعد دیگر اسکول کے بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔
2. باقی مخلوعہ نشستوں پر Merit اور دسویں جماعت میں حاصل کردہ نتائج Sequence of category of priority کی بنیاد پر نئے داخلے دیئے جائیں گے۔
3. مختلف Stream میں داخلوں کے لئے ماڈل اسکول اور دیگر اسکولوں کے طلبہ کو کم ازکم اہلیت کو پورا کرنے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔
4. سائنس اسٹریم میں داخلے کے لئے تمام مضامین میں مجموعی طور پر کم ازکم 60% نشانات یا CGPA 6.3 درکار ہیں۔
5. Humanities میں داخلہ کے لئے تمام مضامین میں مجموعی طور پر کم ازکم 55% نشانات یا CGPA 5.7 درکار ہیں۔

## 14. تحفظات

(a) تمام نئے داخلوں میں 15% نشستیں درج فہرست ذات (SC) اور 7.5% نشستیں درجہ فہرست قبائل (ST) کے لئے محفوظ ہوں گی۔

(b) 3% نشستیں جسمانی معذورین ، بینائی سے محروم ، ساعت سے محروم اور Orthopadically معذورین کے محفوظ (Horizontal Rerservation) ہیں۔ یہاں Horizontal Reservation کا مطلب جملہ 15% (SC) زمرے میں سے 3% جملہ 7.5% (ST) زمرے میں سے 3% اور باقی 7.5% عام زمرے میں سے 3% نشستیں محفوظ ہیں۔

## 15. مخصوص رعایتیں

تعلیمی سال 2019-20 کے لئے درجہ ذیل خصوصی رعایتیں نافذ بالعمل ہوں گی۔

کلاس میں طے شدہ بچوں کی تعداد (Class strength) کے مطابق درج ذیل زمروں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔

i. عزت مآب اراکین پارلیمنٹ (MP) کے بچے اور ماتحتین (Dependents)۔

ii. MANUU ملازمین اور سبک دوش ملازمین کے بچے (لڑکا/لڑکی/نواسہ/نواسی/پوتا/پوتی)

iii. دورانِ ملازمت انتقال کرنے والے مرکزی ملازمین کے بچے۔

iv. پرم ویر چکر/مہاویر چکر/اشوک چکر/سیوا میڈل/نوسینا میڈل/وایوسینا میڈل یافتہ اشخاص کے بچے۔

v. صدارتی پولیس میڈل برائے بہادری حاصل کئے ہوئے اشخاص کے بچے۔

vi. بہترین کھلاڑی جنھوں نے قومی/ریاستی/CBSE/SFGI/حکومت کی جانب سے منعقد شدہ کھیل کے مقابلوں میں پہلا، دوسرا یا تیسرا مقام حاصل کیا ہو۔

vii. اسکاؤٹس اینڈ گائیڈس میں صدارتی انعام یافتگان۔

viii. اکلوتی بیٹی کے زمرے کے تحت جماعت اول اور چھٹی میں ہر سیکشن میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو داخلہ دیا جائے گا جس میں جڑواں لڑکیاں شامل ہیں۔

ix. وہ بچے جنھوں نے قومی ایوارڈ برائے بہادری حاصل کیا ہو۔

x. ایسے بچے جن کے والدین ٹیچر ہوں اور جنھوں نے قومی ایوارڈ برائے اساتذہ حاصل کیا ہو۔

xi. وہ بچے جنھوں نے فائن آرٹس میں اپنے جوہر دکھائے ہوں اور قومی و ریاستی سطح پر اپنی شناخت بنائی ہو۔

xii. MANUU ہیڈ کوارٹر کے احکامات پر (RAW)(Research and Analysis Wing) کے ملازمین کے 15 بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔

xiii. MANUU ہیڈ کوارٹر کے احکامات پر وزارت فروغ انسانی وسائل (Ministry of HRD) کے ملازمین کے سو بچوں کو ہر سال داخلہ دیا جاسکتا ہے۔

xiv. تمام اسکولوں میں جماعت اول میں پانچ اور دیگر جماعتوں میں دس نشستیں Sponsoring Agencies کے بچوں کے لئے محفوظ ہوں گی۔

xv. ضلع کمشنر یا ضلع مجسٹریٹ متعلقہ ماڈل اسکول میں اپنے اختیاری زمرے (Discretionary Quota) کے تحت جماعت اول یا دیگر جماعتیں سوائے دسویں اور بارہویں کے زیادہ سے زیادہ بچوں کے داخلے کی سفارش کر سکتے ہیں۔

xvi. ایک عزت مآب رکن پارلیمنٹ اپنے خصوصی اختیار کے تحت ایک تعلیمی سال میں اپنی لوک سبھا حلقے کے کسی دو اہل بچوں کی ماڈل اسکول میں داخلہ کی سفارش کر سکتے ہیں۔ راجیہ سبھا کے اراکین یا پارلیمنٹ جس ریاست سے وہ منتخب ہوئے ہوں، اس ریاست کے متوطن افراد کے بچوں کے داخلے کے لیے دسویں اور بارہویں جماعت کے علاوہ دیگر جماعت میں داخلوں کی سفارش کر سکتے ہیں۔

## 16. ماڈل اسکول میں داخلہ کی تاریخیں

تعلیمی سال 2019-20 کے لئے ماڈل اسکول میں داخلہ کی تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

Tentative Common Admission Schedule for ath Academic Year 2019-20

| **CONTENTS** | **SCHEDULED DATES** |
|---|---|
| Advertisement for Admission by University in Daily news papers and website | First week of March, 2019 |
| Registration for Class - 1st | From 7th March, onwards |
| Last date of registration for class - 1st | 23rd March, 2019 |
| **DRAW OF LOTS for:**<br>1. SC/ST/BPL/OBC (Non Creamy Layer and for general category under RTE Act 2009) and Candidates category-I, II & III | 26th March, 2019 |
| Declaration of provisionally selected list for class I & admission in class-I | 1st List 27.03.2019<br>2nd List 09.04.2019<br>(If seats remain vacant)<br>3rd List 23.04.2019<br>(If seats remains vacant) |
| Extended date for second Notification for admission to be made under RTE Provision for all categories (Class-1) If sufficient applications not received under RTE Provisions | Notification<br>30.03.2019<br>Registration<br>30.03.2019 to 06.04.2019<br>Admissions<br>08.04.2019 to 15.04.2019 |
| Registration for Classes (II to IX)<br>**Subject to availability of vacancies in a particular class** | 20.04.2019 to 09.04.2019<br>Note During School hrs |
| Declartion of list of class II to IX | 12.04.2019 |
| Admission to class II to IX | 30.04.2019 |
| Registration for Class XI | After the declaration of X Result |
| Last Date of admission for class XI | 01.07.2019 |

## 17. مانو ماڈل اسکولس حیدرآباد، دربھنگہ اور نوح مختلف جماعتوں میں داخلہ کے لیے خالی نشستیں برائے سال 2019-20

## Vacant seats in various classes of MANUU Model Schools at Hyderabad, Darbhanga and Nuh for the year 2019-20

| S.No. | Class | No. of seats vacant | No. of seats vacant | No. of seats vacant |
|---|---|---|---|---|
| | | **Model School Hyderabad** | **Model School Darbhanga** | **Model School Nuh** |
| 1. | I | 80 | 80 | 40 |
| 2. | II | 10 | NIL | NIL |
| 3. | III | 05 | 13 | 03 |
| 4. | IV | 05 | 05 | 02 |
| 5. | V | NIL | NIL | 03 |
| 6. | VI | 05 | 03 | 04 |
| 7. | VII | NIL | NIL | 09 |
| 8. | VIII | 13 | NIL | 10 |
| 9. | IX | 17 | 03 | 11 |
| 10. | X | NIL | NIL | - |
| 11. | XI | 40 | 40 | - |
| | Science | Physics<br>Chemistry<br>Biology/Mathematics<br>Biotechnology | Physics<br>Chemistry<br>Biology/Mathematics<br>Physical Education/<br>Biotechnology | - |
| | Humanities | Geography<br>History<br>Economics<br>Informatics Practices<br>Political Science | Geography<br>History<br>Political Science<br>Physical Education/<br>Computer Science | - |
| | **Total:** | **223** | **104** | **82** |

## 18. داخلہ کے متعلق عام ہدایات

i. داخلہ فارم یونیورسٹی کے ویب سائٹ پر دستیاب ہے جسے ڈاؤن لوٹ کیا جا سکتا ہے۔

ii. داخلہ فارم تمام درکار تفصیلات اور دستاویزات کے ساتھ طے شدہ تاریخ تک اسکول کے دفتر میں 20 روپئے رجسٹریشن فیس کے ساتھ جمع کئے جائیں گے۔

iii. درج ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ (Attested) کا پیاں داخلہ فارم کے ساتھ جمع کرنا ضروری ہوگا۔

(a) درجہ اول کے لئے: عمر کی تصدیق کے لئے (Birth Certificate) متعلقہ کونسل/میونسپلٹی/میونسپل کارپوریشن/ ولیج پنچایت کے ذریعہ جاری کیا ہوا ہی منظور کیا جائے گا۔اسکول سے جاری کردہ ٹرانسفر سرٹیفکٹ ۔اصلی Date of Birth Certificate کی جانچ کے بعد والدین کو واپس کر دیئے جائیں گے۔

(b) عزت مآب رکن پارلیمنٹ اور PSU ملازمین کے نواسہ/نواسی/پوتا/پوتی کے داخلہ کے لئے انہیں Proof of relationship اور ایک اقرار نامہ (Declaration of dependency) پیش کرنا ہوگا۔

(c) ماڈل اسکول کے ملازمین کے Grand children کے داخلوں کے لئے انھیں Proof of relationship کی سند جمع کرنا ہوگی۔

(d) درج فہرست ذاتوں (SC) درج فہرست قبائل (ST) معاشی طور پر پسماندہ طبقات ، Non-creamy layer، BPL اور معذورین زمرے سے تعلق رکھنے والے بچوں کی متعلقہ ریاستی یا مرکزی حکومت کی جانب سے جاری کی گئی سرٹیفکٹ داخلہ کے لئے پیش کرنا ضروری ہوگا۔

(e) حکومت ہند کے جاری کردہ O.M. No.36035/5/88 بتاریخ 04-05-1999 معذورین کے متعلق بیان کے مطابق سیول سرجن سے جاری کیا ہوا سرٹیفکٹ پیش کرنا ہوگا۔

**نوٹ:**

i. داخلے کے لئے رجسٹریشن کرانے کا مطلب داخلہ حاصل کرنے کا حق ہرگز نہیں ہوگا۔

ii. نامکمل درخواست پر کوئی غور نہیں کیا جائے گا۔

iii. غلط اسناد کی بنیاد پر حاصل کئے گئے داخلے منسوخ کر دیئے جائیں گے۔

iv. رجسٹریشن کے وقت والدین کی رہائشی سند پیش کرنا ضروری ہوگا۔

v. داخلوں کی فہرست کی اجرائی کی تاریخ اور داخلے کی تاریخ میں مناسب وقفہ ہوگا۔

## 19. داخلے کی آخری تاریخ

متعلقہ سبھی کلاسوں میں داخلے کی آخری تاریخ 31 جولائی 2019 ہوگی۔

## 20. مانو کے ملازمین کے بچوں کا داخلہ

مانو کے ملازمین وسبکدوش ملازمین (ماڈل اسکول/ ریجنل سنٹر وغیرہ) کے بچوں کا داخلہ کسی بھی وقت دوران سال بلالحاظ جماعت میں بچوں کی تعداد/ تبادل/تقرر کیا جاسکتا ہے۔ جب کہ گیارہویں جماعت میں داخلہ دسویں بورڈ میں حاصل کردہ نشانات کی بنیاد پر لازمی ہوگا۔

## 21. داخلے کے لئے دستیاب جماعتیں

ماڈل اسکول میں پرائمری، ثانوی اوراعلیٰ ثانوی جماعتوں میں داخلوں کی گنجائش ہے۔ داخلوں کا آغاز جماعت اول سے ہوتا ہے۔مخلوعہ نشستوں، اساتذہ اورانفراسٹکچر کی فراہمی کی صورت میں اسکول میں مختلف Sections کی گنجائش ہوگی۔

## 22. مساوی/مماثل امتحان

اسٹیٹ بورڈ/ICSE/NIOS کے طلبا جنھیں نمبرات دیئے گے ہوں اگر نشستیں خالی ہوں تو XI جماعت میں داخلہ دیا جاسکتا ہے اور مختلف مضامین میں دیئے گئے نمبرات کو CBSE کی جانب سے ایوارڈ کردہ گریڈوں میں تبدیلی کی جائے گی۔

## 23. تعلیمی سال

ہر سال یکم اپریل سے اسکول کے تعلیمی سال کا آغاز ہوتا ہے۔ اسکول Continuous and Comprehensive Evaluation Calender کے مطابق ہر تعلیمی سال میں Tow Periodic Tests اور Subject Enrichment Activities اور تیسرا اور سالانہ امتحانات طلبا کی تعلیمی اور ہم نصابی سرگرمیوں کی جانچ CBSE کی رہنمایانہ اصول کے مطابق منعقد کئے جاتے ہیں۔ تعلیمی سال کا اختتام ہر سال 31 مارچ کو ہوتا ہے اور طلبا کو اگلی جماعتوں میں نئے تعلیمی سال کے لئے ترقی دی جاتی ہے۔

## 24. اوقات اسکول

8:30 am to 2:40 pm

# 25. تعطیلات

## Vacations

### (I) مانو ماڈل اسکول حیدرآباد

| S.No. | Vacation | From | To | Total Days |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Summer Vacation | 02.05.2019 | 20.06.2019 | 50 Days |
| 2 | Autumn Break | 06.10.2019 | 15.10.2019 | 10 Days |
| 3 | Winter Break | 23.12.2019 | 01.01.2020 | 10 Days |

### (II) مانو ماڈل اسکول دربھنگہ، بہار

| S.No. | Vacation | From | To | Total Days |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Summer Vacation | 10.05.2019 | 18.06.2019 | 40 Days |
| 2 | Autumn Break | 06.10.2019 | 15.10.2019 | 10 Days |
| 3 | Winter Break | 22.12.2019 | 10.01.2020 | 20 Days |

### (III) مانو ماڈل اسکول نوح (میوات)

| S.No. | Vacation | From | To | Total Days |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Summer Vacation | 10.05.2019 | 18.06.2019 | 40 Days |
| 2 | Autumn Break | 06.10.2019 | 15.10.2019 | 10 Days |
| 3 | Winter Break | 22.12.2019 | 10.01.2020 | 20 Days |

# 26. ماڈل اسکول کا پتہ اور رابطہ کی تفصیل

# Model Schools Address and Contact Details

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | MANUU Model School, Hyderabad<br>Fatima Nagar, Vattepally<br>Falaknuma, Hyderabad - 500053<br>Telefax No.: 040-24473770 | Principal<br>Dr. Kafil Ahmad<br>Cell No.: +919490463263<br>Email:<br>modelschoolhyderabad@manuu.edu.in<br>drkafilmanuuhyd@gmail.com | Level : I Std to XII Std<br>Affiliated to Central Board of Secondary Education (CBSE)<br>Affiliation No.: 120001<br>School Code: 48137 |
| 2. | Kamran MANUU Model School, Darbhanga<br>Ilyas Ashraf Nagar<br>Chandanpatti<br>H.P.O: Laheriasarai<br>Dist.Darbhanga - 846001 Bihar<br>Telefax No.: 06272-277602 | Principal<br>Mr. Mohd Arshad Khan<br>Cell No.: +919418145851<br>Email:<br>modelschooldarbhanga@gmail.com<br>arshad.khan720@gmail.com | Level : I Std to XII Std<br>Affiliated to Central Board of Secondary Education (CBSE)<br>Affiliation No.: 32001<br>School Code: 50165 |
| 3. | MANUU Model School, NUH<br>Ward No.1, Hamid colony<br>Tauru Road, NUH<br>Mewat Dist - 122107<br>Telefax: 01267-274886 | Principal I/c<br>Dr. Mozaffar Islam<br>Cell No.: +918930151447<br>Email:<br>manuumodelschoolnuh@yahoo.in | Level : I Std to X Std<br>Affiliated to Central Board of Secondary Education (CBSE)<br>Affiliation No.: 52003<br>School Code: 20759 |

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(ACentral University established by an Act of Parliament in 1998)
(Accredited with 'A' Grade by NAAC)

Adm. No.:

مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد، دربھنگہ اور نوح
MANUU Model School, Hyderabad, Darbhanga and Nuh
*Affiliated to Central Board of Secondary Education (CBSE)*

فوٹو چسپاں کریں

## داخلہ فارم / Admission Form - 2019 - 2020

☐ ماڈل اسکول، حیدرآباد ☐ ماڈل اسکول، دربھنگہ ☐ ماڈل اسکول، نوح

Admission in Class / داخلہ برائے درجہ :______________________________

1. Name of the child in full (Capital Letters) طالب علم کا نام :________________________________________
2. Date of Birth (in figures) / (تاریخ پیدائش (عدد وشمار میں: Date دن ☐☐ Month مہینہ ☐☐ Year سال ☐☐☐☐

   in words لفظوں میں :____________________________________________________________________________________

3. Age on 31 March 20 : Years سال ☐☐ Months مہینہ ☐☐ Days دن ☐☐
4. Blood Group of the child طالب علم کے خون کا گروپ:_____________
5. Category: General/SC/ST/OBC/EWS? زمرہ: عام طبقہ/درج فہرست ذات/درج فہرست قبائل/دیگر پسماندہ طبقہ/معاشی پسماندہ طبقہ
6. Physically Disabled جسمانی طور پر معذور Yesہاں/Noنہیں ☐

   (if Yes enclose Certificate (اگر ہاں ہے تو صداقت نامہ منسلک کریں)

7. Single Girl Child Yesہاں/Noنہیں ☐
8. Aadhar No. آدھار نمبر :_______________________________
9. Details of Mother / Father ماں/باپ کی تفصیلات

| | | Mother ماں | Father باپ |
|---|---|---|---|
| (i) | Name (in Capital Letters) نام | :______________________ | ______________________ |
| (ii) | Nationality قومیت | :______________________ | ______________________ |
| (iii) | Occupation پیشہ | :______________________ | ______________________ |
| (iv) | Name of office دفتر کا نام | :______________________ | ______________________ |
| | Address with Telephone No. | :______________________ | ______________________ |
| | مکمل پتہ مع ٹیلی فون نمبر | :______________________ | ______________________ |
| (v) | Residential Address | :______________________ | ______________________ |
| | with Telephone No. & proof | :______________________ | ______________________ |
| | گھر کا مکمل پتہ مع فون نمبر (مع تصدیق نامہ) | :______________________ | ______________________ |
| vi. | Permanent Address | :______________________ | ______________________ |
| | مستقل رہائش کا پتہ | :______________________ | ______________________ |

10. Has the child studied previous class in Urdu Medium یا طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو میڈیم سے پڑھائی کی ہے Yesہاں/Noنہیں ☐

11. Has the child studies Urdu one of the Subject in previous class

کیا طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو ایک مضمون کی حیثیت سے پڑھی ہے Yesہاں/Noنہیں ☐

12. If the child has not studies Urdu in previous class, does He/She know Urdu reading/Writing Yesہاں/Noنہیں ☐

اگر طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو ایک مضمون کی حیثیت سے نہیں پڑھی ہے تو کیا وہ اردو پڑھنا/لکھنا جانتا/جانتی ہے؟

13. Category in which the parent belong to defence/central/state Govt.Autonomous body and others:

زمرہ دفاعی/مرکزی ملازم/خودمختار ادارہ اور دیگر جس سے والدین تعلق رکھتے ہوں

14. Details of the last studies آخری تعلیم کی تفصیلات :

| **Standard/Class** کلاس/جماعت | **Year of Passing** کامیابی کا سال | **Name of the School** اسکول کا نام | **CGPA** سی جی پی اے | **% of marks obtained** حاصل کردہ نشانات کا فیصد |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

15. **Stream اسٹریم:** **1. Humanities (Artsآرٹس)**

Group گروپ - A: History تاریخ, Geography جغرافیہ, Pol. Science سیاسیات

Group گروپ - B: History تاریخ, Geography جغرافیہ, Economics معاشیات ☐

**2. Science سائنس:**

Group گروپ - A: Physics طبعیات, Chemistry کیمیا , Mathematics ریاضی

Group گروپ - B: Physics طبعیات, Chemistry کیمیا , Biology حیاتیات ☐

17. First Language Urdu is compulsory for the both Streams پہلی زبان اردو دونوں کے لئے لازمی ہیں

18. Second Language دوسری زبان: English انگریزی/Hindi ہندی ☐

19. Optional Subject اختیاری مضمون: Computers کمپیوٹرس /Bio-Technology بایوٹیکنالوجی /Biologyحیاتیات ☐

**DECLARATION اعلان**

I certify that the above entries are true to the best of my knowledge

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ درج بالا اندراجات میری معلومات کے مطابق درست ہیں

Signature of Student

دستخط طالب علم

Date تاریخ:_____________

Signature/Thumb Impression of the Parent

دستخط/انگوٹھے کا نشان والدہ/والد

Full name مکمل نام :________________________________

**(FOR OFFICE USE ONLY صرف دفتری استعمال کے لئے)**

Name of the Student طالب علم کا نام:_____________________________________________

Admitted in class کلاس میں داخلہ دیا گیا :_____________________________________________

Signature of the Dealing Assistant

ڈیلنگ اسسٹنٹ کے دستخط

Date تاریخ:______________

Signature of the Principal

پرنسپل کے دستخط

Date تاریخ:______________

Reg. No.:

# मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(ACentral University established by an Act of Parliament in 1998)

(Accredited with 'A' Grade by NAAC)

## مانو ماڈل اسکول، حیدرآباد، دربھنگہ اور نوح
## MANUU Model School, Hyderabad, Darbhanga and Nuh
*Affiliated to Central Board of Secondary Education (CBSE)*

**رجسٹریشن فارم / Registration Form - 2019-20**

☐ ماڈل اسکول،حیدرآباد ☐ ماڈل اسکول،دربھنگہ ☐ ماڈل اسکول،نوح

Registration for Class / رجسٹریشن برائے درجہ :____________________________

1. Name of the child in full (Capital Letters) طالب علم کا نام :_____________________________________
2. Date of Birth / تاریخ پیدائش:________________ in words لفظوں میں :_____________________________________
3. Age on 31 March 20 عمر: Years سال Months مہینہ Days دن Sex جنس M/لڑکا ☐ F/لڑکی ☐
4. Blood Group of the child طالب علم کے خون کا گروپ:____________4A. Aadhar No.آدھار نمبر:___________________________________
5. General/SC/ST/OBC/EWS/Disabled/S.G.Child:_______________(attach relevant certificate)
   کیا آپ عام طبقہ/درج فہرست ذات/درج فہرست قبائل/دیگر پسماندہ طبقہ/معاشی پسماندہ طبقہ/معذور/اکلوتی لڑکی/ سے تعلق رکھتے ہیں؟ صداقت نامہ منسلک کریں
6. Details of Mother / Father ماں/باپ کی تفصیلات Mother ماں Father باپ

| | | Mother ماں | Father باپ |
|---|---|---|---|
| (i) | Name (in Capital Letters) نام | :____________________ | ____________________ |
| (ii) | Nationality قومیت | :____________________ | ____________________ |
| (iii) | Occupation پیشہ | :____________________ | ____________________ |
| (iv) | Name of office دفتر کا نام | :____________________ | ____________________ |
| | with Telephone No. | :____________________ | ____________________ |
| | مکمل پتہ مع ٹیلی فون نمبر | :____________________ | ____________________ |
| (v) | Residential Address (with proof) | :____________________ | ____________________ |
| | with Telephone No. & e-mail | :____________________ | ____________________ |
| | گھر کا مکمل پتہ مع فون نمبر (مع تصدیق نامہ) | :____________________ | ____________________ |

7. Permanent Address :____________________ ____________________
   مستقل رہائش کا پتہ :____________________ ____________________
8. Has the child studies Urdu as subject in previous class?
   کیا طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو ایک مضمون کی حیثیت سے پڑھی ہے؟ Yes/ہاں ☐ No/نہیں ☐
9. If the child has not studies Urdu in previous class, does He/She know Urdu reading/Writing?
   اگر طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو ایک مضمون کی حیثیت سے نہیں پڑھی ہے تو کیا وہ اردو پڑھنا/لکھنا جانتا/جانتی ہے؟ Yes/ہاں ☐ No/نہیں ☐

---

**Certify تصدیق**

I certify that the above entries are true to the best of my knowledge میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ درج بالا اندراجات میری معلومات کے مطابق درست ہیں

Signature دستخط والدہ/والد

Date تاریخ:_____________ Full name مکمل نام :_________________________________

---

**Acknowledgement رسیدی کارڈ**

Sl.No.نمبر شمار:___________ Registration No.رجسٹریشن نمبر:____________

Received an Application Form from Sri/Smt.___________________________________for registration of his/her son/dauthter _________________________________ for admission in class _______________.

محترم/محترمہ............................................سے ان کے بچے/بچی...........................................کا درجہ...........میں داخلہ کے لئے رجسٹریشن فارم موصول ہوا۔

Date تاریخ:_____________ Dealing Assistant__________________

10. Category in which the parent belong to defence/central/state Govt.Autonomous body and others:
زمرہ دفاعی/مرکزی ملازم/خودمختارادارہ اوردیگر جس سے والدین تعلق رکھتے ہوں

11. Details of the last studies آخری مطالعات کی تفصیلات:

| **Standard/Class** **کلاس/جماعت** | **Year of Passing** **کامیابی کا سال** | **Name of the School** **اسکول کا نام** | **CGPA** **سی جی پی اے** | **% of marks obtained** **حاصل کردہ نشانات کا فیصد** |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

12. **Stream اسٹریم:** **1. Humanities (Arts آرٹس)**

Group گروپ - A: History تاریخ, Geography جغرافیہ, Pol. Science سیاسیات

Group گروپ - B: History تاریخ, Geography جغرافیہ, Economics معاشیات ☐

**2. Science سائنس:**

Group گروپ - A: Physics طبعیات, Chemistry کیمیا, Mathematics ریاضی

Group گروپ - B: Physics طبعیات, Chemistry کیمیا, Biology حیاتیات ☐

13. First Language Urdu is compulsory for the both Streams پہلی زبان اردو دونوں کے لئے لازمی ہیں

14. Second Language دوسری زبان: English انگریزی/Hindi ہندی ☐

15. Optional Subject اختیاری مضمون: Computers کمپیوٹرس /Bio-Technology بایوٹیکنالوجی ☐